No. of Printed Pages : 12

# BUDLA-135

## B.A. General (Urdu) CBCS

## (BAG)

### Term-End Examination

### December, 2024

### BUDLA-135 : Study of Modern Urdu Prose and Poetry

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔یہ سوال نامہ تین (۳) حصوں ''الف''، ''ب'' اور ''ج'' پر مشتمل ہے۔ تمام حصوں سے سبھی سوالوں کے جواب دینا لازمی ہے۔ تمام سوالوں کے نمبر ان کے سامنے نمبر درج ہیں۔





(حصہ الف)

۱۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ ۵×۸=۴۰

روشن جمال یار سے ہے انجمن تمام
دہکا ہوا ہے آتش گل سے چمن تمام

اللہ رے جسم یار کی خوبی کہ خود بخود
رنگینوں میں ڈوب گیا پیراہن تمام

دیکھو تو چشم یار کی جما دونگا ہسیاں
بے ہوش اک نظر میں ہوئی انجمن تمام

یا

بہت پہلے سے ان قدموں کی آہٹ جان لیتے ہیں
تجھے اے زندگی ہم دور سے پہچان لیتے ہیں



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

جسے کہتی ہے دنیا کامیابی وائے نادانی
اسے کن قیمتوں پر کامیاب انسان لیتے ہیں
طبیعت اپنی گھبراتی ہے جب سنسان راتوں میں
تو ایسے میں تری یادوں کی چادر تان لیتے ہیں

۲۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دو کی تشریح سیاق و سباق کیجئے۔

خورشید وہ دیکھو ڈوب گیا ظلمت کا نشاں لہرانے لگا
مہتاب وہ ہلکے بادل سے چاندی کے ورق برسانے لگا
ابھرا تو بجلی دوڑ گئی، ڈوبا تو فلک بے نور ہوا
الجھا تو سیاہی دوڑا دی، سلجھا تو ضیا برسانے لگا
کیا کاوش نور ظلمت ہے، کیا قید ہے کیا آزادی ہے
انساں کی تڑپتی فطرت کا مفہوم سمجھ میں آنے لگا





(ب)

ڈھل چکی رات، بکھرنے لگا تاروں کا غبار
لڑکھڑانے لگے ایوانوں میں خوابیدہ چراغ
اجنبی خاک نے دھندلا دیئے قدموں کے سراغ
سو گئی راستہ تک تک کے ہر اک راہگزر
اپنے بے خواب کواڑوں کو مقفل کرلو
اب یہاں کوئی نہیں، کوئی نہیں آئے گا

(ج)

پھر ایک دن ایسا آئے گا
آنکھوں کے دیئے بجھ جائیں گے
ہاتھوں کے کنول کمھلائیں گے
اور برگِ زباں سے نطق و صدا



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

کی ہر تتلی اڑ جائے گی
اک کالے سمندر کی تہہ میں

(د)

شہر کی رات اور میں ناشاد و ناکارہ پھروں
جگمگاتی جاگتی سڑکوں پہ آوارہ پھروں
غیر کی بستی ہے کب تک دربدر مارا پھروں
اے غم دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

۳۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دو کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجیے۔

(الف) دیکھ نادان بے بس بچہ گھوارہ میں سوتا ہے اس کی مصیبت زدہ ماں اپنے دھندے میں لگی ہوئی





ہے اور اس گھوارہ کی ڈوری بھی ہلائی جاتی ہے ہاتھ کام میں اور دل بچہ میں ہے اور زبان سے اس کو یوں لوری دیتی ہے ''سورہ میرے بچے سو رہ۔ اے اپنے باپ کی مورت اور میرے دل کی ٹھنڈک سورہ اے میرے دل کی کونپل سو رہ، بڑھ اور پھل پھول تجھ پر کبھی خزاں نہ آنے پائے۔

(ب) تھوڑی دیر بعد کیا شاہوں کہ زور زور سے چونچ مارنے کی



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

آواز آرہی ہے۔ کنکھیوں سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ ہمارا پرانا دوست قلندر پہنچ گیا ہے اور بے تکان چونچ مار رہا ہے۔ ڈھکنا چونکہ بالکل پاس دھرا تھا۔ اس لیے اس کی دم میرے گھٹنے کی چھو رہی تھی۔ تھوڑی دیر بعد دوسرے یاران تیز گام بھی پہنچ گئے اور پھر تو یہ حال ہوا کہ ہروقت دو تین دوستوں کا حلقہ بے تکلف مرے بغل میں اچھل کود کرتا رہتا۔





(ج) شب کے سکوت و سکون میں اگر کبھی آپ کی آنکھ کھل جائے اور آپ کی نیت یا صحت میں کوئی فتور نہ ہو تو آپ کو معلوم ہوگا کہ کسی چارپائی پر کوئی بچہ انتہائی غیر شاعرانہ طریقہ پر چیخ رہا ہے۔ دوسری چارپائی پر کوئی بڑے میاں کھانستے جاتے ہیں اور فرصت کے درمیانی لمحات میں یا تو اللہ کو یادد کرتے ہیں یا کھانسی کے عزیز و اقربا سے اپنے ناجائز تعلقات کا اظہار کرتے ہیں۔ یہ



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

تو چارپائی والوں کی حالت تھی۔
لیکن اس ہنگامے کے فرد ہوتے ہی
آپ کے کانوں میں ایک اور قسم
کی آواز بھی آئے گی۔ یہ خود
چارپائی کی آواز ہے۔

۴۔ ذیل میں سے کسی ایک نثر نگار کی
حالات زندگی بیان کیجیے۔

(الف) سرسیداحمدخاں

(ب) پریم چند

۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر کے
حالت زندگی پر اظہار خیال کیجیے۔

(الف) فراق گورکھپوری

(ب) علامہ اقبال





## (حصہ ب)

۶۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف چھ(۶)
کے جواب تحریر کیجیے۔ ۶×۵=۳۰

(الف) اردو کے تین بڑے ادیبوں کے
نام بتایئے۔

(ب) فورٹ ولیم کالج سے جڑے پانچ
اہم نثر نگاروں کے نام لکھیے۔

(ج) اردو کی تین نثری اصناف کے نام
لکھیے۔



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

(د) ابوالکلام آزاد کے دو اخباروں کے نام بتائیے۔

(ہ) بانگ درا اور بال جبریل کس شاعر کے شعری مجموعے ہیں۔

(و) پریم چند کے تین افسانوں کے نام لکھیے۔

(ز) اسرارالحق مجازی کی دو مشہور نظموں کے نام لکھیے۔

(ح) فیض کی شاعری کی خصوصیات پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔





(حصہ ج)

۶۔ درج ذیل تینوں سوالات کے جواب تحریر کیجیے۔ ۳×۱۰=۳۰

۷۔ جدید اردو نظم کے آغاز و ارتقا پر مختصر مضمون تحریر کیجیے۔

۸۔ علامہ اقبال کی شاعری کی خصوصیات بیہان کیجیے۔

۹۔ رشید احمد صدیقی کی مزاح نگاری پر مضمون لکھیے۔

×××××××



Downloaded from www.IGNOUBABA.com